۲۹

جلد [illegible] نمبر [illegible]

اخبار ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZET

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲۷ محرم الحرام سنہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۱۶ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

## حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۷ جون سنہ ۱۹۲۸ء

بموجب رپورٹ شیر محمد خان ہیڈ ماسٹر مڈل اسکول کی تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ نوٹس اجرا احکام کو فنانس و پیش ہون۔

حسب الحکم مستوفی صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

---

بعزعرض — پیر سالہ

جناب والی

شیر محمد خان ہیڈ ماسٹر مڈل اسکول نہایت قابل و محنتی اور لائق ہو وہ خدمت کا اہل شخص ہو۔ اگست سنہ ۱۹۲۵ء مین اسکول مین انکا تقرر ہوا ہے۔ اسوقت اس مدرسہ کی حالت بہت خراب تھی۔ اس تھوڑی مدت مین باعتبار قلت طلبا اور باعتبار تعلیم مدرسہ کی حالت بہت اچھی ہو گئی ہو نوٹس مہتمم نے معائنہ مین نوٹ کیا ہے کہ مدرسہ کا انتظام بھی بہت اچھا ہو بحیثیت مجموعی ہر کہ امسال مڈل اسکول سے پانچ طلبا فائنل امتحان مین شریک ہوے جنمین سے چار پاس ہوے چارون طلبا کی دوسری زبان انگریزی تھی۔ ساتوین درجہ تک طلبا نے انگریزی کی تعلیم بھی مڈل اسکول مین حاصل کی انگریزی کی تعلیم اس مدرسہ مین شروع کرائے ہوے دو سال ہوے ہین جو مدت نہایت قلیل ہو زیادہ یافتہ ٹیچر رکھنے کی وہان گنجایش نہ تھی۔ جو ٹیچر تھا اسکا کام قابل اطمینان تھا۔ یہ سب ہیڈ ماسٹر کی محنت کا نتیجہ ہو جسنے انگریزی تعلیم مین پانچ لڑکون کو مدد دیکر اس قابل بنا دیا۔ شیر محمد خان کو بالفعل تیس روپیہ تنخواہ ملتی ہو جو باعتبار درجہ کے شیر محمد خان معقول اضافہ تنخواہ کے مستحق ہین۔ بالفعل تنخواہ انکی موجودہ تنخواہ مین دس روپیہ ماہوار اضافہ ہو اضافہ منظور ہو۔ بامید صدور حکم منظوری اضافہ رسالہ اجلاس ہمایون ہو۔ دولت اقبال جاوید باد

فہرست مضامین



| نمبر صفحہ | خلاصہ مضمون | نمبر شمار |
| --- | --- | --- |
| ۱ | اضافہ تنخواہ ہیڈ ماسٹر صاحب مڈل اسکول | ۱ |
| ۲ | [illegible] | ۲ |
| ۳ | [illegible] | ۳ |
| ۴ | [illegible] | ۴ |
| ۵ | [illegible] | ۵ |
| ۲ | [illegible] | ۶ |
| ۳ | [illegible] | ۷ |
| ۳ | [illegible] | ۸ |
| ۴ | [illegible] | ۹ |
| ۴ | [illegible] | ۱۰ |
| ۵ | [illegible] | ۱۱ |
| ۳ | [illegible] | ۱۲ |
| ۵ | [illegible] | ۱۳ |
| ۵ | [illegible] | ۱۴ |
| ۶ | [illegible] | ۱۵ |
| ۶ | [illegible] | ۱۶ |
| ۶ | [illegible] | ۱۷ |
| ۶ | [illegible] | ۱۸ |
| ضمیمہ | [illegible] | ۱۹ |

# احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

## اضافہ

۲۰؍جون سنہ ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ سردار صاحب ڈیوڑھی مبارک دربارہ اضافہ تنخواہ مبلغ پانچروپیہ ماہانہ محمد شفیع محرر ڈیوڑھیات مبارک بلحاظ کثرت کام و خدمت حاضر باشی و کمی تنخواہ۔

حکم

محمد شفیع محرر کی تنخواہ میں بموجب رپورٹ پانچروپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

## رخصت

۱۱؍جون سنہ ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت یک ماہ از ۱۵؍جون سنہ ۱۹۲۸ء سید امیر حیدر مہتمم کار توشہ خانہ بذمہ داری سید برادر حسین نائب مہتمم۔

حکم

سید امیر حیدر کی رخصت یکماہ بموجب رپورٹ منظور کی جاتی ہے بغرض اجرای احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

## رخصت

۲۳؍جون سنہ ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر۔

حکم

بموجب صراحت رپورٹ منظوری دیجاتی ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض عرض — جناب عالی — میر سامانہ

عبد الکفیل ناظر ڈیوڑھی کی رخصت یکماہ بانتظام ستہ بتاریخ ۱۰؍مئی سنہ ۱۹۲۸ء منظور ہوئی تھی اور بجائے برجباسی لال پیشکار کو نظارت انجام دیتے ہیں اور برجباسی لال کی بجائے صفدر علیخاں جو اسوقت امیدوارانہ کام کرتا تھا اور اب محرر دیہات ہے کار پیشی انجام دے۔ رخصت یکماہ ختم ہوگئی ہے مزید رخصت میں ابتداء ۱۲؍جون سنہ ۱۹۲۸ء لغایت ۱۹؍جون سنہ ۱۹۲۸ء علاوہ تعطیلات کے درخواست ہیں۔ بانتظام سابقہ رخصت قابل منظوری ہے۔ بعد ختم رخصت بوقت حاضری ناظر بدستور اپنا کام کریگا۔ اور صفدر علیخان بدستور خدمت پیشی میں بجائے برجباسی لال۔ اور برجباسی لال کار پیشی انجام دینگے۔ عرضداشت بامید منظوری حضور پیش ہے۔ تنخواہیں دونوں کی مساوی ہیں۔ تبادلہ خدمت سے تنخواہ پر کسی کی اثر نہ پڑیگا۔ دولت و اقبال ہمیشہ بترقی باد

## تقرر

۲۲؍جون سنہ ۱۹۲۸ء

رپورٹ منظور ہے۔ کاغذ بغرض اجرای احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض عرض — جناب عالی — میر سامانہ

بموجب سکیم منظور شدہ ہائی سکول میں چار گریجویٹ ٹرینڈ اور چار سی ٹی ٹرینڈ ماسٹر جنمیں سے ایک گریجویٹ ٹرینڈ کا تقرر ہوچکا ہے۔ باقی استادوں کے لئے اشتہار دیا گیا۔ آج ایک استاد سید کاظم حسین ایم۔ اے۔ بی۔ ٹی ساکن موضع سیدنگلی ضلع مرادآباد آئے ہیں۔ انکا تقرر ایکسو روپیہ ماہوار تنخواہ پر ہوگا۔ اور دس روپیہ سالانہ ترقی ماحصہ تک ہوگی۔ آئندہ شرط قرار پائی ہے کہ ریاست کو ہر وقت علیحدگی کا اختیار ہوگا۔ اور وہ اگر ترک کرنا چاہیں گے تو سہ ماہ قبل سے تین ماہ کا میعادی نوٹس دینگے کہ نوٹس کی مدت شروع ہونے کے وقت ٹرم ختم ہونے میں تین ماہ سے کم باقی نہ ہوں۔ سید کاظم حسین کے تقرر کیوجہ سے ایک ان ٹرینڈ گریجویٹ کو برخاست کرنا ہوگا۔ لہذا ماسٹر پرشوتم سروپ بی۔ اے۔ کی برخاستگی بدلالت تنخواہ مناسب ہے۔ ماسٹر پرشوتم سروپ کی برخاستگی ۸؍جولائی سنہ ۱۹۲۸ء سے ہوگی۔ اور سید کاظم حسین ایم اے کو تنخواہ تاریخ کارکردگی سے ملیگی۔ عرضداشت بامید صدور حکم ارسال اجلاس ہمایوں ہے۔ دولت و اقبال ہمیشہ باد

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت عرضداشت منظوری اجلاس ہمایون برخاستگی ماسٹر پرشوتم سروپ بی اے اور تقرر سید کاظم حسین ایم اے کے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۵؍جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## رخصت

۹؍جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

حسب استدعای لفٹنٹ علاءالدین احمد خان اے ڈی سی۔ انکی تین ماہ کی رخصت باتنخواہ بسلسلہ رخصت سابقہ منظور رہی۔

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر، صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس اور ایک نقل سررشتہ بخشیگری کو بھی بھیجی جائے۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

## وظیفہ

۵ مرجولائی ۱۹۲۸ء

عبدالرشید خان کا وظیفہ دس روپیہ ماہوار خالی ہوا ہے۔ وہ بموجب رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر فہیم الزمان صدیقی کے لئے تا تعلیم منظور کیا جاتا ہے کاغذات بغرض اجرا احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

## منسوخی رخصت

۵ مرجولائی ۱۹۲۸ء

مثنہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ منسوخی رخصت ملازمی دو ماہ منشی محمد ارشاد اللہ خان صاحب منصرم گزٹ سیشن جج

حکم

رخصت منسوخ کیجائے۔ کاغذات بغرض اجرا احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

## رخصت

۷ مرجولائی ۱۹۲۸ء

مثنہ رپورٹ صاحب فائیننشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید دو ہفتہ سید ناظر الحسن صاحب ہوش بخشی فوج از ۲۸ مرجون ۱۹۲۸ء

حکم

بموجب رپورٹ ۲۸ مرجون ۱۹۲۸ء سے دو ہفتہ کی رخصت سید ناظر الحسن ہوش بخشی فوج کی منظور ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

## الاؤنس

۷ مرجولائی ۱۹۲۸ء

مثنہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری تقرر الاؤنس مبلغ دس روپیہ ماہانہ سلطان احمد خان نگران مطبع تا زمانہ انچارجی منصرم صاحب مطبع۔

حکم

بموجب رپورٹ سلطان احمد خان کا دس روپیہ ماہوار الاؤنس تا زمانہ انچارجی منظور ہو کاغذ واپس ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

## روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۶ مرجولائی ۱۹۲۸ء

وقت روانگی شملہ حکم جاری کیا گیا تھا کہ اجلاس ہذا کے جملہ کاغذات پر صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت بائی آرڈر دستخط کریں گے۔ روبکار ہذا صراحتاً جاری کیا جاتا ہے کہ اجلاس ہذا کے تمام کاغذات پر صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت بائی آرڈر دستخط کریں۔ تمام کام کے ذمہ دار اپنے جملہ ماتحت صیغہ جات سے اُنسے حکم حاصل کریں گے۔ البتہ حکم عطائے زر اجلاس ہمایوں سے صادر ہوا کریگا۔ اہم معاملات کے کاغذات روزانہ ذریعہ ڈاک پیشی اور صدور حکم کے لئے یہاں ہمارے پاس دفتر اجلاس سے بھیجے جایا کریں۔ اگر کسی اہم معاملہ میں فوری ضرورت حکم حاصل کرنیکی پیش آئے تو اجلاس ہمایوں سے حکم حاصل کیا جائے۔ اور اگر کوئی حکم سیبے افسران ماتحت کو حاصل کرنیکی ضرورت ہو تو اسکی بابت صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت سے حکم حاصل کریں گے اور پھر وہ خود احکام جاری کردیں گے۔

(۲) صاحب ملٹری سکریٹری بہادر پولیس کا انسپکشن کیا کریں گے۔ اگر کسی ملازم کا کوئی قصور پائیں گے اور سزا دلانا چاہیں گے تو اسکی رپورٹ اجلاس ہذا میں بھیجیں گے۔ اگر معمولی معاملہ ہے تو صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت بائی آرڈر دستخط سے حکم صادر کردیں گے۔ ورنہ وہ معاملہ یہاں ہمارے پاس صدور حکم کے لئے آنا چاہیے۔

(۳) ایک نقشہ ہفتہ وار ہر صیغہ کی کارگزاری کا بالخصوص صیغہ پولیس کا ہمارے ملاحظہ کے لئے یہاں آنا چاہیے۔ جس سے معلوم ہو سکے کہ کیا احکام جاری ہو رہے ہیں اور انکی کیا تعمیل ہو رہی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

# حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

## اضافہ

۷ جولائی ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست درباره تکمیل تنخواه منشی حشمت علیخاں نائب رجسٹرار تانگوں کے تحصیل حضور ریوپیداوار و مستعدی اندراج و

حکم

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست حشمت علیخاں نائب رجسٹرار حضور تحصیل کی تنخواہ موجودہ میں ایک روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہوا - احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

# احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## توسیع

۵ جولائی ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس - مسمے احمد حسین ماسٹر مدرسہ جاؤ پورہ پرگنہ سوار کی ملازمت غیر مستقل میں ۱۲ جولائی ۱۹۲۸ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی -

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## توسیع

۱۰ جولائی ۱۹۲۸ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس مسمے حیدر علی مدرس بن پورہ تحصیل بلاسپور کی ملازمت غیر مستقل ۱۰ جولائی ۱۹۲۸ء سے چھ ماہ کی توسیع کی گئی - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

# روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۷ جولائی ۱۹۲۸ء

سید امداد علی اہلمد اجلاس نے استعفا پیش کیا ہے - اور نامبردہ کا استعفا منظور کیا گیا ہے - انکی جگہ کا حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے -

(۱) لطافت حسن خان جو رجسٹرار صدر کی جگہ کے انتظام کے سلسلہ میں مطبع سے تبدیل ہوکر عارضی طور پر سید محمد علی اہلمد اجلاس کی جگہ کام کر رہا ہے بااضافہ پانچ روپیہ سید امداد علی کی جگہ مستقل کیا جائے - انکو ہی علاوہ وقت نگہری اس ہی شرط کے ساتھ

کام کرنا ہوگا جو سید امداد علی کے لئے مقرر تھی -

(۲) بجائے سید محمد علی - حافظ محمد یعقوب خان معاون محرر سررشتہ سکریٹری مدارس اپنی موجودہ تنخواہ پر تبدیل کیا جائے -

(۳) بجائے حافظ محمد یعقوب خان کے غلام احمد خان عارضی کلرک سررشتہ انسپکٹری مدارس میں بعہدہ روپیہ ماہوار تنخواہ معاون محرر مقرر کیا جاتا ہے -

انتظام (۲) اور (۳) رجسٹرار صدر کی جگہ کے سلسلہ میں ہیں - لہذا عارضی ہونگے -

حکم ہے کہ

حسب صراحت صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

# روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۸ جولائی ۱۹۲۸ء

بسلسلہ استعفا سید امداد علی اہلمد اجلاس محمد یعقوب خان معاون محرر سررشتہ سکریٹری اجلاس ہذا میں تبدیل کرکے بجائے انکے غلام احمد خان کا تقرر کیا گیا ہے - انسپکٹر صاحب مدارس کے یہاں دو محرر ہیں اور کام کی کثرت ہے - اسلئے انسپکٹر صاحب کی خواہش ہے کہ کوئی محرر کار آمد انکے دفتر میں مامور کیا جائے - لہذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ سید عبد القیوم محرر محافظ خانہ دیوانی تنخواہ دار ... ماہوار باضافہ تین روپیہ ماہوار سررشتہ انسپکٹری تعلیمی میں تبدیل کئے جائیں - اور محمد ارشاد خان محرر محافظ خانہ فوجداری محافظ خانہ دیوانی میں بجائے سید عبد القیوم تبدیل ہوں ... محمد خان سررشتہ سکریٹری مدارس سے محافظ خانہ فوجداری میں تبدیل ہو -

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

# احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## رخصت

۹ جولائی ۱۹۲۸ء

مثل یادداشت صاحب جج خفیفہ درباره رخصت یکماہ سید رضاء الحق اہلمد بوجہ علالت بعوض سید بقاء الحق امیدوار -

حکم

رضاء الحق اہلمد کی رخصت ایکماہ بعوض مجوزہ منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## رخصت

۹ جولائی ۱۹۲۸ء

مثل یادداشت منشی صاحب عدالت دیوانی صدر درباره منظوری رخصت عاجلہ منشی ... محرر ... بوجہ علالت از ابتداء ۳ جولائی لغایت ۱۲ جولائی

حکم

... کی رخصت منظور ہے کام کا انتظام حسب تجویز منشی صاحب پورا کر دیں - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتداء ۸ لغایت ۱۴ جولائی ۱۹۲۸ء

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | [illegible] | | ۷۔۶۔۱ ؍ | | | ۶۔۰۔۱ ؍ | |
| نخود خالص | ۷۔۱ ؍ | | ۶۔۰۔۱ ؍ | | | ۶۔۰۔۱ ؍ | |
| نخود گہ آمیز | ۷۔۰۔۱ ؍ | | ۸۔۱ ؍ | | | ۸۔۱ ؍ | |
| گہہ | ۸۔۱ ؍ | | ۵۔۱ ؍ | | | ۹۔۱ ؍ | |
| ماش | ۶۔۱ ؍ | | ۷۔۱ ؍ | | | ۷۔۱ ؍ | |
| مونگ | ۳۔۰۔۱ ؍ | | ۰ | | | ۵۔۰۔۱ ؍ | |
| مکا | ۰ | | ۰ | | | ۸۔۱ ؍ | |
| جئی | ۱۱۔۰۔۱ ؍ | | ۱۱۔۰۔۱ ؍ | | | ۱۱۔۱ ؍ | |
| گوجئی | ۱۱۔۰۔۱ ؍ | | ۹۔۱ ؍ | | | ۹۔۱ ؍ | |
| عدس | ۸۔۱ ؍ | | ۵۔۰۔۱ ؍ | | | ۸۔۱ ؍ | |
| ارہر | ۶۔۰۔۱ ؍ | | ۵۔۰۔۱ ؍ | | | ۸۔۱ ؍ | |
| برنج | ۳۔۰۔۱ ؍ | | ۷۔۰۔۳ ؍ ۱۔۰ | | | ۵۔۱ ؍ | |
| روغن زرد | ۷۔۰۔۱ ؍ | | ۵۔۰۔۱ ؍ | | | ۰۔۱ ؍ | |
| روغن سیاہ | ۱۔۰۔۱ ؍ | | ۱۔۰۔۱ ؍ | | | ۱۔۰۔۱ ؍ | |
| روغن کنجد | ۱۔۱ ؍ | | ۱۔۱ ؍ | | | ۱۔۱ ؍ | |
| نمک سانبھر | ۱۲۔۱ ؍ | | ۱۲۔۱ ؍ | | | ۱۲۔۱ ؍ | |
| نمک لاہوری | ۶۔۱ ؍ | | ۶۔۱ ؍ | | | ۸۔۱ ؍ | |
| قند سیاہ | ۵۔۰۔۱ ؍ | | ۵۔۱ ؍ | | | ۶۔۰۔۱ ؍ | |
| باجرہ | ۶۔۱ ؍ | | | | | ۸۔۱ ؍ | |

## نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتداء ۶ جولائی لغایت ۱۲ جولائی ۱۹۲۸ء ریاست رامپور

| تاریخ و دن | صدر عالیہ | | تحصیل بلاسپور | | تحصیل سوار | | تحصیل شاہ آباد | | تحصیل ملک | | تحصیل ٹانڈہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | تعداد خط | افزون | تعداد خط | افزون | تعداد خط | افزون | تعداد خط | افزون | تعداد خط | افزون | تعداد خط | افزون |
| ۶ جولائی ۱۹۲۸ء یوم جمعہ | ۰ | ۲۳½ | ۰ | ۶۱ | ۱ | ۴۶ | ۱ | ۱۲ | ۰ | ۲۰ | ۲ | ۱۸ |
| ۷ جولائی ۱۹۲۸ء یوم شنبہ | ۱ | ۲۳½ | ۰ | ۶۱ | ۰ | ۴۶ | ۰ | ۱۳ | ۰ | ۲۰ | ۰ | ۱۸ |
| ۸ جولائی ۱۹۲۸ء یوم یکشنبہ | ۵۵ | ۸۳½ | ۴۵ | ۱۰۶ | ۴۵ | ۹۱ | ۳۸ | ۴۹ | ۶۰ | ۸۰ | ۵۲ | ۷۰ |
| ۹ جولائی ۱۹۲۸ء یوم دوشنبہ | ۳۱½ | ۱۱۲ | ۳۵ | ۱۴۱ | ۳۰ | ۱۲۱ | ۱۸ | ۶۶ | ۱۵ | ۹۵ | ۱۸ | ۸۸ |
| ۱۰ جولائی ۱۹۲۸ء یوم سہ شنبہ | ۰ | ۱۲۰ | ۲ | ۱۴۳ | ۴ | ۱۲۵ | ۰ | ۶۶ | ۰ | ۹۵ | ۰ | ۸۸ |
| ۱۱ جولائی ۱۹۲۸ء یوم چہارشنبہ | ۰ | ۱۴۰ | ۰ | ۱۴۳ | ۰ | ۱۲۵ | ۰ | ۶۶ | ۰ | ۹۵ | ۱ | ۸۸ |
| ۱۲ جولائی ۱۹۲۸ء یوم پنجشنبہ | ۱ | ۱۴۰ | تعداد نہیں | ۰ | تعداد نہیں | ۰ | تعداد نہیں | ۰ | ۰ | ۹۵ | ۰ | ۸۸ |

# نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ … ماہ مئی سنہ ۱۹۲ء

| نام مقام | تفصیل پیدائش | | | | | | | تفصیل فوتی | | | | | | | | | | | | | | | | | ازخانہ نمبر ۱ لغایت خانہ نمبر ۲۵ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | مرد | | عورت | | میزان | تفصیل مذہب | | ایک سال سے ۵ سال تک | | ۵ سال سے ۱۲ سال تک | | ۱۲ سال سے زیادہ | | میزان | | تفصیل مذہب | | تفصیل امراض | | | | | | | | |
| | مسلمان | ہندو | مسلمان | ہندو | | مسلمان | ہندو | مرد | عورت | مرد | عورت | مرد | عورت | مرد | عورت | مسلمان | ہندو | ہیضہ | چیچک | تپ | متفرق | مار گزیدہ | دیگر درندہ جانوروں کے کاٹے ہوئے | طاعون | | |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۷ | ۲۶ |
| کوتوالی | ۲۴ | ۹ | ۲۰ | ۶ | ۵۹ | ۴۴ | ۱۵ | ۳۵ | ۱۹ | ۲ | ۱ | ۱۵ | ۲۳ | ۵۲ | ۴۳ | ۶۷ | ۲۸ | ۲ | ۵ | ۰ | ۸۸ | ۰ | ۰ | ۰ | ۹۵ | |
| گنج | ۱۵ | ۱ | ۸ | ۲ | ۲۶ | ۲۳ | ۳ | ۸ | ۷ | ۳ | ۱ | ۱۰ | ۸ | ۲۱ | ۱۶ | ۳۱ | ۶ | ۰ | ۰ | ۲۱ | ۱۶ | ۰ | ۰ | ۰ | ۳۷ | |
| حوالیہ شہر | ۱۳ | ۹ | ۵ | ۴ | ۳۱ | ۱۸ | ۱۳ | ۵ | ۶ | ۲ | ۰ | ۱۰ | ۴ | ۱۷ | ۱۰ | ۱۳ | ۱۴ | ۱ | ۰ | ۲۲ | ۰ | ۳ | ۰ | ۰ | ۲۷ | |
| عظیم نگر | ۲۸ | ۲۳ | ۱۸ | ۱۲ | ۸۱ | ۴۵ | ۳۶ | ۲۵ | ۱۱ | ۱ | ۱ | ۱۳ | ۱۲ | ۳۹ | ۲۴ | ۲۹ | ۳۳ | ۰ | ۰ | ۰ | ۶۲ | ۱ | ۰ | ۰ | ۶۳ | |
| شاہ آباد | ۵ | ۳۸ | ۱۸ | ۳۳ | ۹۳ | ۳۲ | ۶۱ | ۲ | ۳۳ | ۲ | ۹ | ۳۹ | ۳ | ۷۷ | ۴۳ | ۳۹ | ۸۱ | ۰ | ۰ | ۷۹ | ۱ | ۰ | ۰ | ۴۰ | ۱۲۰ | |
| پٹوائی | ۱۱ | ۵۳ | ۳ | ۳۵ | ۱۰۳ | ۱۵ | ۸۸ | ۱۰ | ۱۳ | ۸ | ۲ | ۹ | ۱۳ | ۲۷ | ۲۸ | ۷ | ۴۸ | ۱ | ۳ | ۰ | ۴۵ | ۱ | ۵ | ۰ | ۵۵ | |
| ملک | ۸ | ۴۱ | ۱۱ | ۷۶ | ۱۵۷ | ۱۹ | ۱۳۸ | ۲۵ | ۲۷ | ۳ | ۲ | ۳۱ | ۲۳ | ۶۹ | ۵۲ | ۲۰ | ۱۰۱ | ۰ | ۱ | ۰ | ۱۳۰ | ۰ | ۰ | ۰ | ۱۳۱ | |
| بلاسپور | ۱۵ | ۲۸ | ۱۴ | ۱۳ | ۷۰ | ۲۹ | ۴۱ | ۱۱ | ۶ | ۱ | ۱ | ۲۱ | ۱۶ | ۳۳ | ۲۳ | ۲۸ | ۲۸ | ۰ | ۰ | ۵۵ | ۰ | ۱ | ۰ | ۰ | ۵۶ | |
| کیمری | ۲۲ | ۲۹ | ۲۳ | ۱۱ | ۸۵ | ۴۵ | ۴۰ | ۲۴ | ۱۹ | ۳ | ۳ | ۲۳ | ۳۳ | ۵۰ | ۵۷ | ۷۹ | ۲۸ | ۱ | ۱ | ۳۲ | ۴ | ۱ | ۰ | ۶۸ | ۱۰۷ | |
| سوار | ۲۰ | ۱۷ | ۸ | ۱۱ | ۵۶ | ۲۸ | ۲۸ | ۱۲ | ۳ | ۱ | ۱ | ۲۰ | ۱۹ | ۳۳ | ۲۳ | ۳۱ | ۲۵ | ۰ | ۱ | ۵۰ | ۳ | ۲ | ۰ | ۰ | ۵۶ | |
| ٹانڈہ | ۱۸ | ۱۸ | ۱۹ | ۱۷ | ۷۲ | ۳۷ | ۳۵ | ۱۷ | ۱۶ | ۲ | ۳ | ۲۸ | ۲۷ | ۵۱ | ۴۶ | ۷۵ | ۲۲ | ۰ | ۰ | ۵۳ | ۲ | ۰ | ۰ | ۴۲ | ۹۷ | |
| میزان | ۱۶۹ | ۲۹۶ | ۱۳۶ | ۲۱۲ | ۸۳۳ | ۳۲۵ | ۵۰۸ | ۱۸۶ | ۱۵۱ | ۳۳ | ۲۶ | ۲۱۹ | ۲۱۸ | ۴۳۹ | ۳۹۵ | ۴۱۹ | ۴۱۵ | ۵ | ۱۰ | ۳۱۲ | ۳۴۲ | ۱۰ | ۵ | ۱۵۰ | ۸۳۴ | |